The Absolute Reality

www.quran4u.com

يَا أَيُّهَا الْإِنسَانُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الْكَرِيمِ

اے انسان! تجھ کو اپنے پروردگار کرم گستر کے بارے میں کس چیز نے دھوکا دیا؟

Quran with Urdu Translation

Fateh Muhammad Jalundhary

(فتح محمد جالندهري)

سورۃ الانفطار

Urdu Translation اردو ترجمہ

Click This Bar to Listen Audio

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

جب آسمان پھٹ جائے گا	.1
اور جب تارے جھڑ پڑیں گے	.2
اور جب دریا بہہ (کر ایک دوسرے سے مل) جائیں گے	.3
اور جب قبریں اکھیڑ دی جائیں گی	.4
تب ہر شخص معلوم کرلے گا کہ اس نے آگے کیا بھیجا تھا اور پیچھے کیا چھوڑا تھا	.5
اے انسان! تجھ کو اپنے پروردگار کرم گستر کے بارے میں کس چیز نے دھوکا دیا؟	.6
(وہی تو ہے) جس نے تجھے بنایا اور (تیرے اعضا کو) ٹھیک کیا اور (تیری قامت کو) معتدل رکھا	.7
(اور) جس صورت میں چاہا تجھے جوڑ دیا	.8

مگر ہیہات (افسوس) تم لوگ جزا کو جھٹلاتے ہو	.9
حالانکہ تم پر نگہبان مقرر ہیں	.10
عالی قدر (تمہاری باتوں کے) لکھنے والے	.11
جو کچھ تم کرتے ہو وہ اسے جانتے ہیں	.12
بے شک نیکوکار نعمتوں (کی بہشت) میں ہوں گے	.13
اور بدکردار دوزخ میں	.14
(یعنی) جزا کے دن اس میں داخل ہوں گے	.15
اور اس سے چھپ نہیں سکیں گے	.16
اور تمہیں کیا معلوم کہ جزا کا دن کیسا ہے؟	.17
پھر تمہیں کیا معلوم کہ جزا کا دن کیسا ہے؟	.18
جس روز کوئی کسی کا کچھ بھلا نہ کر سکے گا اور حکم اس روز صرف خدا ہی کا ہو گا	.19

© Copy Rights:
Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com